This Question Paper contains 8 Printed Pages + 2 Maps.

**1082**

**21U/22U(A)**

# SOCIAL STUDIES

***(Urdu and English Versions)***

**Parts A and B**

*Time : 3 Hours]* *Roll Number :* 2 *[Maximum Marks : 80*

ہدایات:

1. پرچہ سوال کو غور سے پڑھیے، سمجھیے اور جواب دیجیے۔
2. Part-A کے سوالات کے جوابات، جوابی بیاض میں لکھیے۔
3. دیے گئے نقشہ جات کو Part-A کی جوابی بیاض کے ساتھ منسلک کیجیے۔
4. Part-B کو Part-A کی جوابی بیاض کے ساتھ منسلک کیجیے۔
5. Part-A سیکشن-I، II اور III پر مشتمل ہے۔
6. جوابات صاف اور واضح لکھیے، ان ہدایاتوں پر عمل کرتے ہوئے جو ہر سیکشن کے لیے دیے گئے ہیں۔
7. اس سوالیہ پرچے کے ساتھ انگریزی زبان کے پرچے کو منسلک کیا گیا ہے۔ کسی دشواری کی صورت میں انگریزی پرچہ سوال کو دیکھیں۔

---

## PART – A

*Time : 2 hours 30 minutes]* *[Marks : 60*

### سیکشن – I

6 × 2 = 12

ہدایات:

(1) تمام سوالات کے جواب دیجیے۔
(2) ہر سوال کا جواب 3 تا 4 جملوں میں لکھیے۔
(3) ہر سوال کے لیے 2 نشانات ہیں۔

1. کسی مقام (Site) کو بستی بننے کے لیے کونسی خصوصیات درکار ہیں؟

2. صیہونی تحریک (Zionist movement) کیوں شروع ہوئی؟

3. رشوت خوری کی روک تھام کے لیے اقدامات تجویز کیجیے۔

4. "تغذیہ بخش غذا کے کھانے" کی اہمیت پر دو نعرے تحریر کیجیے۔

5. دیے گئے نقشے کا مشاہدہ کیجیے اور سوال (a) اور (b) کے جواب دیجیے:




(a) یہ نقشہ کیا ظاہر کرتا ہے؟

(b) کوئی دو ملکوں کے نام بتایئے جو جاپان کے زیر اثر نہیں تھے؟

6. دیے گئے جدول کا مشاہدہ کیجیے اور سوال (a) اور (b) کے جواب دیجیے:

چند منتخب ریاستوں کے بعض تقابلی امور

| ریاست | شیر خواروں میں اموات کی شرح (IMR) فی ہزار (2016) | شرح خواندگی (%) (2011) | ثانوی سطح پر خالص حاضری کا تناسب (2013-14) |
|---|---|---|---|
| ہریانہ | 33 | 77 | 61 |
| ہماچل پردیش | 25 | 84 | 67 |
| بہار | 38 | 64 | 43 |

(a) کس ریاست میں شیر خواروں میں اموات کی شرح (IMR) سب سے کم ہے؟

(b) ہماچل پردیش میں شرح خواندگی زیادہ کیوں ہے؟

Roll Number : _



## سیکشن - II

ہدایات:

(1) تمام سوالات کے جواب لکھیے۔

(2) ہر سوال کے جواب کو 5 تا 6 جملوں میں لکھیے۔

(3) ہر سوال کے لیے 4 نشانات ہیں۔

7. ہندوستان کی تقسیم کے کیا نتائج برآمد ہوئے؟

8. آبادی میں تبدیلی کا کیا مطلب ہے؟ کون سے عوامل ہیں جو آبادی میں تبدیلی پر اثرانداز ہوتے ہیں؟

9. "ووٹ دینے" کی اہمیت پر ایک ورقیہ تیار کیجیے، تاکہ عوام میں شعور بیدار کیا جائے۔

10. دیے گئے دنیا کے نقشے میں حسب ذیل کی نشاندہی کیجیے:

(a) پولینڈ (b) ویت نام

(c) اردن (Jordan) (d) نیویارک

11. دیے گئے متن کا مطالعہ کیجیے اور اس پر تبصرہ کیجیے:

ترقی یافتہ ممالک ترقی کرنے والے ملکوں سے یہ چاہتے ہیں کہ کوئلہ جلانے میں کمی کریں اور آب و ہوا میں گرین ہاؤز گیسوں کا اضافہ کرنے والی سرگرمیوں کو کم کریں۔ جبکہ ترقی پذیر ممالک یہ بحث کرتے ہیں کہ ترقی یافتہ ملکوں نے بھی اپنے ترقی کرنے کے دور میں رکازی ایندھنوں کو جلا کر ہی ترقی حاصل کی ہے۔

12. دیے گئے جدول کا مشاہدہ کیجیے اور اس کا تجزیہ کیجیے:

جملہ کاشتکاری کا رقبہ ملین ہکٹار میں

| علاقہ | 1955-56 | 2006-07 | اضافہ % |
|---|---|---|---|
| آندھرا کا علاقہ | 4.2 | 5.3 | 20 |
| تلنگانہ کا علاقہ | 4.8 | 5 | 5 |

## سیکشن - III

4 × 6 = 24

ہدایات:

(1) کوئی بھی 4 سوالات کے جواب لکھیے۔

(2) ہر جواب 8 تا 10 جملوں میں لکھیے۔

(3) ہر سوال کے لیے 6 نشانات ہیں۔

13. ہندوستان پر عالمیانے کے اثرات کی وضاحت کیجیے۔

Roll Number :





14. ہندوستان میں آج تک اراضی اصلاحات کو نافذ نہ کر سکنے کے اسباب بیان کیجئے اور اس کے موثر نفاذ کے لیے مناسب اقدامات تجویز کیجئے۔

15. دیے گئے ہندوستان کے آوٹ لائن نقشے میں حسب ذیل کی نشاندہی کیجئے:

(A) کنیاکماری

(B) مالوہ سطح مرتفع

(C) لکشدویپ جزائر

(D) احمد آباد

(E) نینی تال

(F) وہ دریا جو اڑیسہ سے بہتی ہے۔

16. آسام تحریک کے بارے میں وضاحت سے لکھیے۔

17. دیے گئے پیرا گراف کا مطالعہ کیجئے اور تبصرہ کیجئے:

بڑے بڑے ڈیموں کی تعمیر کی خاطر ہزاروں درختوں، جانوروں، ایکڑوں پر مشتمل زرخیز کھیتوں اور اپنے مقامات سے دربدر کیے گئے لوگوں کو مکمل طور پر نظرانداز کر دیا گیا۔ ان لوگوں کے پاس جانے کے لیے کوئی جگہ نہیں تھی اور انہیں بلا کسی معاوضے کے جبری طور پر بے دخل کیا گیا تھا۔ اکثر لوگوں کے لیے بڑے ڈیموں کی تعمیر سے ملک کے لوگوں کو حاصل ہونے والے فائدوں کے مقابلے میں یہ ایک معمولی قیمت تھی۔

18. دیے گئے جدول کا مشاہدہ کیجئے اور اس کا تجزیہ کیجئے:

2017-18 کے دوران ہندوستان میں کامگاروں کی تقسیم (فی صد میں)

| شعبہ | رہائش کا مقام | | جنس | | جملہ کامگار |
|---|---|---|---|---|---|
| | دیہی | شہری | مرد | خواتین | |
| زراعت کا شعبہ | 59.8 | 6.6 | 40.7 | 57.2 | 44.6 |
| صنعت کا شعبہ | 20.4 | 34.3 | 26.4 | 17.7 | 24.4 |
| خدمات کا شعبہ | 19.8 | 59.1 | 32.8 | 25.2 | 31.0 |